11/07/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

۔ اب آپ تجمل اندرابی سے خبریں سُنیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی کل16ویں ملک گیر روزگار میلے میں51ہزار نوجوانوں کو کریں گے نوکریوں کے مراسلے پیش۔

*........بھارت آپریشن سندور کے دوران ملک میں ہی تیار کر دہ ٹیکنالوجی کے استعمال سے مخصوص ٹھکانوں کو نشانہ بنانے میں رہا کامیاب// قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوال۔

*........چیف سیکریٹری نے قومی صحت مشن کی کار کردگی اور حصولیابیو ں کا لیا تفصیلی جائزہ ۔

اور

*........ سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جا ری// درشن کرنے والوں کی تعداد ایک لاکھ60ہزار متجاوز۔

روز گار میلہ

وزیر اعظم نریندر مو دی ملک گیر روزگار میلے کے تحت کل12جولائی کو51ہزار نوجوانوں کو نوکریوں کے تقرر نامے فراہم کریں گے۔ اس سلسلے میں کل دن میں گیارہ بجے ایک ویڈیو کانفرنس کی جائے گی جس دوران وزیر اعظم مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں نئی ملازمت پانے والے ان 51ہزار نوجوانوں کو نوکریوں کے مراسلے پیش کئے جائیں۔

ملک بھر میں اب تک اس طرح کے روزگار میلوں کے ذریعے10لاکھ سے زائد تقرر نامے فراہم کئے جا چکے ہیں۔ کل16واں روزگار میلہ ہو گا جو ملک کے17مقامات پرمنعقد کیا جائے گا۔

راجناتھ

ایسوسی ایشن کی پہلی گورننگ Alumni وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نئی دلی میں نیشنل کیڈٹ کور کو ایک پلیٹ فارم قرار دیا جو ملک کے نوجوانوں NCCکونسل میٹنگ کی صدارت کی ۔وزیر دفاع نے کیلئے ایک مثال ہے۔

کیڈٹس کو بھارت کا مضبوط ستون قرار دیا جو ملک کی ترقی میں تعاون کر رہے NCC انہوں نے سابق کو ایک بھارت شریشٹھ بھارت ، سوچھتا ابھیان اور سماجی خدمت کی NCC-AAہیں۔انہوننے کہاکہ اسکیموں کے ذریعے قوم کی تعمیر کی کوششوں کے ساتھ فعال طور پر جوڑ ا جا سکتا ہے۔

اجیت ڈوال

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوال نے کہا ہے کہ بھارت// اندرون ملک تیار کر دہ ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے آپریشن سندور میں کامیاب رہا ہے۔ انہوننے کہا کہ اس ٹیکنالوجی کی بدولت سرحد پار پاکستان میں محض 18منٹ کے دوران9 سے 10 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔

مدراس کے62ویں کنوو کیشن سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران IIT بھارتی فوج برہموس، مر بوط فضائی کمان نظام اور راڈار کے ساتھ میدان جنگ میں تھی۔

اجیت ڈوال نے طلباءاور نوجوانوں سے کہا کہ وہ ٹیکنالوجی کی ایجاد اور وسائل کا استعمال کر کے بھارت کو2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں اپنا کر دار ادا کریں۔

کمیٹی

سرکاری یقین دہانیوں سے متعلق جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی کمیٹی کی تعارفی میٹنگ آج اسمبلی کمپلیکس سرینگر میں منعقد ہوئی۔ کمیٹی نے ایوان اسمبلی میں عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کی مربوط جانچ کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

میٹنگ کی صدارت کمیٹی کے چیرمین سجاد غنی لون نے کی ،جس میں کمیٹی کے ارکان چودھری محمد اکرم، جاوید احمد مرچال، ہلال اکبر لون،افتخار احمد ، میاں مہر علی ، موہن لال ، سنیل بردواج اور شُگن پریہار بھی موجود تھے۔

امپارڈ

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیرانسٹی چیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ رورل ڈیولپمنٹ میں ایڈمنسٹریٹیو ، پولیس اور اکاؤنٹس سروس کے مشترکہ بنیادی تربیتی کورس کی JK آج 2023بیچ کے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔یہ چھ ہفتوں کا کورس کامیابی کے ساتھ اپنی تکمیل کو پہنچ گیا ہے۔

چیف سیکریٹری نے تمام افسروں کو اپنی پیشہ ورانہ خدمات کے دوران اعلیٰ معیار برقرار رکھنے کی کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو مہمان ذی وقار تھے GAD۔ ہدایت دی ۔ اس موقعے پر

دریں اثنا چیف سیکریٹری نے ایک علیحدہ میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں نیشنل ہیلتھ مشن کی اب تک کار کرگی اور حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔میٹنگ میں تمام شفا خانوں میں ادویات کی بلا خلل دستیابی یقینی بنانے پر زور دیاگیا ۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا دونوں روایتی راستوں ننون اور بال تل سے خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔آج سہ پہر5 بجے تک مزید17ہزار242یاتریوں نے گپھا پر حاضری دی اوراس طرح سے یاترا کے پہلے9دنوں میں درشن کرنے والے یاتریوں کی تعدادتقریباً1 لاکھ65ہزار تک پہنچ گئیہے۔

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید6ہزار482یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی پہنچ گیا ہے ۔

دریں اثناءیاتری یہاں کی موسمی صورتحال اور لوگوں کی مہمان نوازی نیز یاترا کے تعلق سے انتظامیہ کی طرف سے سلامتی سمیت دیگر انتظامات سے کا فی مطمئن ہیں۔ آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کئی یاتریوں کے تاثرات۔

DGP

جاوید متو اور جنوبی کشمیر سے تعلق رکھنے DIG پولیس سربراہ نلین پربھارت نے سوتھ کشمیر کے کے سینئر افسرون کے BSF اورCRPFوالے پولیس کے سینئر سپر انٹینڈنٹوں ، نیز بھارتی فوج ، ساتھ ایک میٹنگ کرکے سیکورٹی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوں نے جاریہ امر ناتھ جی یاترا کیلئے محفوظ ماحول فراہم کرنے پر تمام سکیورٹی ایجنسیوں کو ان کی انتھک مشقت کیلئے سراہا ۔ انہوں نے مشقوں کے لگاتار انعقاداور دور افتارہ علاقوں میں اپنی کارروائیوں تیز کرنے کی ضرورت اجا گر کی۔

پولیس

بانڈی پورہ پولیس نے ضلع کے پتو شاہی علاقے میں قوم دشمن سرگرمیونمیںملوث ایک شخص کی کروڑونروپے مالیت کی جائیداد کو قرق کیا ہے۔پولیس پریس نوٹ کے مطابق تین کروڑ59لاکھ روپے مالیت کی منسلک کردہ اراضی اور رہائشی مکان حشیر رفیق پرے کی بتائی جاری ہے۔

سب ڈویژن پٹن بارہمولہ میں کام کرنے والے منظور احمد بٹ نامی ایک PDDاینٹی کورپشن بیورو نے لائن مین کو پانچ ہزار روپے کی رشوت لینے کی پاداش میں گرفتار کر لیا ہے ۔

پولیس ڈسٹرکٹ ہندواڑہ جموں کشمیر پولیس نے اپنے کئی تھانوں میں تھانہ دیوس کے پروگرام منعقد کئے،جن میں مقامی نمائندوں ، سول سوسائٹی کے ارکان ، تجارتی ایسو سی ایشنوں اور عام شہریوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

آبادی دن

آج آبادی کا عالمی دن ہے۔ یہ دن خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور آبادی سے متعلق چلینجوں کو حل کرنے کاایک پلیٹ فارم ہے۔

سماجی سائنس کے ماہرین کا ماننا ہے کہ نوجوان لوگ محض اپنے مستقبل کے بچوں کے بارے میں ہی نہیں سوچتے بلکہ اُس دنیا کی بھی فکر کر تے ہیں، جس میں وہ رہیں گے۔ جمونو کشمیر میں بھی نوجوان پود اپنے کنبوں کے ساتھ ایک منصفانہ اور اُمید افزا دنیا سے متعلق مخمصے میں ہیں۔

اس بارے میں جموں یونیورسٹی کے شعبہ سوشالوجی کی سربراہ پروفیسر وشو رکشا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات  کر تے ہوئے کہا۔

شلیندر کمار

محکمہ زرعی پیدا وار کے پرنسپل سیکریٹری شلیندر کمار نے جموں میں متعلقہ افسروں کی ایک اعلیٰ ، مرکزی معاونت والی اسکیموں اور HADPسطح کی ایک میٹنگ میں محکمہ زراعت میں نبارڈ ، کیپیکس بجٹ کے تحت 2025-26کے دوران در دست لئے گئے پروجیکٹوں پر اب تک کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوں نے جموں ڈویژن کے سبھی اضلاع میں ان اسکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

سریکلچر

ڈائریکٹر سریکلچر جموں کشمیر اعجاز احمد بٹ نے آج ککُون آکشن مارکیٹ ادھمپور کا دورہ کیا جہاںابریشم کی خرید و فروخت کرنے والے افراد نے جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔

ڈائریکٹر موصوف نے آکشن مارکیٹ میں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے کرم کشوں اور خریداروں کیلئے دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے جانکاری دی ہے کہ 16سو روپے فی کلو کے حساب سے کل تک60ہزار کلو ہرے کُکون کی خریداری کی جا چکی تھی۔

RTO

جمونو کشمیر میں وقتاً فوقتاً سڑک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کا ا تلاف ایک تشویشناک معاملہ بنتا جا رہا ہے۔

سڑک سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے درکار اقدامات کے بارے میں ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسر کشمیر قاضی عرفان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ہینڈ کرافٹس

ایک اہم اقدام کے طور پر محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کی زیر قیادت انڈین انسٹی چیوٹ آف کار پیٹ ٹیکنالوجی سرینگر نے سرکار کی مختلف فلیگ شپ اسکیموں کے تحت گیارہ ہزار قالین بافوں کو اعلیٰ معیار کی تربیت فراہم کی ہے ۔

کے ڈائریکٹر زبیر احمد نے بتایا کہ چار سے IICT محکمہ کی طرف سے جاری کئے گئے ایک رلیز میں چھ مہینوں کے تربیتی پروگراموں کیلئے تربیت یافتہ گان کو ماہانہ ایک ہزار سے 37سو50روپے کامشاہرہ بھی دیا جاتا ہے ، جبکہ گرو شِشہ ہست شلِپ پروگرام کے تحت تربیت پانے والوں کو ساڑھے سات ہزار روپے کا ماہانہ مشاہرہ دیا جائے گا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میںایک معروف ٹیلی ویژن اداکار طارق جمیل نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

رئیحانہ حبیب

زرعی ماہرین نے گرم موسمی صورتحال کے پیش نظر دیگر فصلوں کے ساتھ ساتھ سیب کے باغات میں نمی برقرار رکھنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں سینئر سائنسدان اور ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے کسانوں کوصبح اور شام کے اوقات میں فصلوں اور باغات کو معقول آبپاشی فراہم کرنے کی صلاح دی۔

حج

سامعین: جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ حج کمیٹی آف انڈیا کی طرف سے حج2026کے سلسلے میں آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔

حج2026 کے مختلف پہلو سامعین تک پہنچانے کےلئے آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیارہ کر دہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے 8بجے نشر کیا جائے گا۔

مہمان ہونگے جمونو کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی ۔ انکے ساتھ شریک گفتگو ہونگے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

مادر مہربان

مادرِ مہر بان بیگم شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ کی اہلیہ بیگم اکبر جہاں کی25ویں برسی پر نیشنل کانفرنس نے مرحومہ کو شاندار خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نیشنل کانفرنس کے دیگر کئی ارکان نے ان کے مزار واقع نسیم باغ سرینگر میں حاضری دیکر فاتحہ خوانی کی۔

اس موقعے پر پارٹی کے متعدد سینئر لیڈروں نے مرحومہ کے مرقد پر گلباری کر کے انکے ایصال ثواب کےلئے دعا کی ۔ اس موقعے پر اور لیڈروں کے علاوہ نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر، اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر، این سی تعلق رکھنے والے کا بینی وزراءاور ارکان اسمبلی بھی موجود تھے۔

BJP

ہیڈ کواٹر پر ایک BJP جموں نارتھ شام لال شرما نے جموں میںMLA کے نائب صدر اورBJP پردیش عوامی دربارکی صدارت کی ۔ لوگوں کے مسائل سُنتے ہوئے انہوں نیشنل کانفرنس کی سرکار پر عوام کے مسائل کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔

لیڈر پون شرما نے جموں میں کارے کرتاؤں کی ایک میٹنگ کے دوران کہاکہ وزیر BJP دریں اثنا سینئر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی سرکار میں تعمیر و ترقی کے ایک نئے دور کاآغاز ہوا ہے ۔ انہوں نے ساتھ ہی کانگریس سرکار کو بھی ہدف تنقید بنایا۔

کھٹانہ

ہیڈ کواٹر جواہر سرینگر میں ایک عوامی دربار منعقد کیا ۔ BJP اُدھررُکن پارلیمان غلام علی کھٹانہ نے اس موقعے پر مقامی لوگوں ، کئی وفود اور پارٹی کارکنوں نے تعمیر و ترقی اور روز گار سے جڑے کئی معاملات ابھارے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے غلام علی کھٹانہ نے نیشنل کانفرنس اور کانگریس پر لوگوں کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے سرینگرمیں جاری بھارت سنرچنا نمائش کی ستائش کی ۔

خراج

شہدائے کر بلا کو خراج عقیدت ادا کرنے اور عاشورہ محرم کی اختتامی تقریب کے سلسلے میں آج قدیم زیارت علم صاحب نرورہ اور آثار شریف نور شاہ محمد ڈانگر پورہ نرورہ میں نماز جمعہ سے قبل ایک روح پرور مجلس منعقد ہوئی۔

نماز جمعہ کے بعد بقعہ جات میں موجود با سند تبروکاتِ اہل بیتؑ کی نشاندہی کرائی گئی۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کے کلوسہ میں واقع شاردا ماتا مندر میں کل اور آج2روزہ ہون پوجا کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس روحانی تقریب کا آغاز 9جولائی کودن میں 2 بجے سے ہوا تھا جو آج دن میں1بجے اختتام پذیر ہوئی۔

ہون پوجا میں تقریباً130عقیدت مندوں نے شرکت کی جس کےلئے پولیس و سیول انتظامیہ نے مناسب انتظامات کئے تھے۔

اروند

جموں کشمیر کے ریلیف اینڈ ریہبلسٹیشن کمشنر ڈاکٹراروند کاروانی نے رواں ہفتے میں شمالی وسطی پیکیج ملازمین کیلئے زیر تعمیرکئی عارضی رہائشونکا معائینہ کرکےان کی PM اور جنوبی کشمیر میں تعمیری پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے تعمیری ابدا ف کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

## NASA

مشن کے تحت بھارتی خلاءباز گروپ کیپٹن شبھا نشو شکلا Axiom-4نے اعلان کیا ہے کہ NASA اور عملے کے دیگر تین ارکان کی واپسی کا سفر14جولائی کو شروع ہو گا۔

Steveپروگرام منیجرCrewکے کمرشیل NASA ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے کا عمل14 جولائی کو ہو گا۔Undockingنے کہا کہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سےStitch

## RBI

بھارتیہ ریزرو بینک نے وضاحت کی ہے کہ اگر چہ دو ہزار روپے کے کرنسی نوٹ استعمال میں نہیں کے گورنر سنجے ملہوترہ نے یہ بیان بھارتی معیشت RBI ہیں، لیکن ان کی قانونی حیثیت برقرار ہے۔ کی ترقی کے بارے میں، مالیے سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی کو جانکاری دیتے ہوئے دیا۔

بہت سے ارکان پارلیمنٹ نے، پارلیمانی کمیٹی کی میٹنگ کے دوران دو ہزار روپے کے نوٹوں کی حیثیت نے ان نوٹوں کو ابھی تک غیر مجاز قرار نہیں دیا ہے۔RBIکے بارے میں سوال کیا تھا۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر29 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ